## داتا دربار پر خودکش حملوں کے خلاف متحدہ قومی موومنٹ کی جانب سے کل بروز ہفتہ ملک بھر میں پرامن یوم سوگ منایا جائے گا

## عمارتوں پر سیاہ بینرز اور پرچم لہرائے جائیں گے، بازوؤں پر سیاہ پٹیاں باندھی جائیں گی اور دہشت گردی کے واقعہ میں شہید ہونے والے زائرین کے ایصال ثواب کیلئے قرآن خوانی اور فاتحہ خوانی کے اجتماعات منعقد کئے جائیں گے

## ایم کیو ایم کے قائد الطاف حسین کی جانب سے پرامن یوم سوگ کے فیصلے کی بھرپور توثیق

## تمام اعتدال پسند عوام داتا دربار پر خودکش حملوں کی بھرپور مذمت اور سوگ کے اظہار کیلئے سیاہ پرچم، بینرز لہرائیں، بازوؤں پر سیاہ پٹیاں باندھیں اور شہداء کے ایصال ثواب کیلئے قرآن خوانی اور فاتحہ خوانی کریں۔ الطاف حسین کی اپیل

## داتا دربار پر خودکش حملے اور اس مقدس مقام کو معصوم و بے گناہ لوگوں کے خون سے نہلانے کا شرمناک واقعہ بڑا قومی سانحہ ہے۔ رابطہ کمیٹی

کراچی ۔۔۔2 جولائی 2010ء

لاہور میں گزشتہ روز حضرت شیخ علی ہجویری المعروف حضرت داتا گنج بخشؒ کے مزار پر خودکش حملوں کے خلاف متحدہ قومی موومنٹ کی جانب سے کل بروز ہفتہ ملک بھر میں پرامن یوم سوگ منایا جائے گا۔ اس بات کا فیصلہ آج رابطہ کمیٹی پاکستان اور لندن کے مشترکہ ہنگامی اجلاس میں کیا گیا۔ اجلاس میں داتا دربار پر خودکش حملوں اور اس مقدس مقام کو معصوم و بے گناہ لوگوں کے خون سے نہلانے کے شرمناک واقعہ کی پرزور الفاظ میں مذمت کی گئی اور اس کو ایک بڑا قومی سانحہ قرار دیا گیا۔ رابطہ کمیٹی نے کہا کہ داتا دربار صدیوں سے برصغیر میں مسلمانوں کیلئے احترام، عقیدت اور روحانیت کا مرکز ہے جہاں آکر لوگ اللہ تعالیٰ کی عبادت اور اولیائے کرام سے اپنی عقیدت کا اظہار کرتے ہیں اور گزشتہ روز جس طرح اس مقدس مزار کو دہشت گردی کا نشانہ بنایا گیا اور زائرین کے خون سے ہولی کھیلی گئی اس کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے۔ رابطہ کمیٹی نے فیصلہ کیا کہ داتا دربار پر دہشت گردی اور خودکش حملوں کے خلاف کل بروز ہفتہ پورے ملک میں پرامن یوم سوگ منایا جائے گا، سانحہ کے سوگ میں عمارتوں پر سیاہ بینرز اور پرچم لہرائے جائیں گے، عوام و کارکنان بازوؤں پر سیاہ پٹیاں باندھیں گے اور دہشت گردی کے واقعہ میں شہید ہونے والے درجنوں زائرین کے ایصال ثواب کیلئے ملک بھر میں ایم کیو ایم کے زیراہتمام قرآن خوانی اور فاتحہ خوانی کے اجتماعات منعقد کئے جائیں گے۔ ایم کیو ایم کے قائد جناب الطاف حسین نے رابطہ کمیٹی کے اس فیصلے کی بھرپور توثیق کی ہے اور تمام اعتدال پسند عوام سے اپیل کی ہے کہ وہ داتا دربار پر خودکش حملوں کو انتہائی شرمناک اور مذموم عمل سمجھتے ہوئے اس کی بھرپور مذمت اور سوگ کے اظہار کیلئے اپنی دکانوں عمارتوں پر سیاہ پرچم لہرائیں، بازوؤں پر سیاہ پٹیاں باندھیں اور شہداء کے ایصال ثواب کیلئے قرآن خوانی اور فاتحہ خوانی کریں۔

## متحدہ کے تحت یوم سوگ کے سلسلے میں کراچی سمیت ملک بھر میں احتجاجی بینرز اور سیاہ پرچم لگائے گئے

## سانحہ داتا دربار لاہور کے شہداء کے ایصال ثواب کے لئے کل بروز ہفتہ شام 4 بجے قرآن و فاتحہ منعقد کی جائے گی

## سندھ بھر میں ایم کیو ایم کے زونل دفاتر، صوبہ پنجاب اور صوبہ بلوچستان میں ایم کیو ایم کے صوبائی دفاتر میں بھی قرآن خوانی و فاتحہ خوانی ہوگی

کراچی ۔۔۔2/جولائی 2010ء

داتا دربار لاہور میں خودکش بم دھماکوں کے خلاف متحدہ قومی موومنٹ کے تحت یوم سوگ کے سلسلے میں کراچی سمیت ملک بھر میں احتجاجی بینرز اور سیاہ پرچم لگائے گئے۔ کراچی کے علاوہ حیدرآباد، میرپورخاص، سکھر، نواب شاہ، سانگھڑ اور اندرون سندھ کے دیگر شہروں کے علاوہ صوبہ پنجاب اور بلوچستان کے شہروں میں بھی ایم کیو ایم کے تحت یوم سوگ کی تیاریاں کی جارہی ہیں۔ ایم کیو ایم کے قائد جناب الطاف حسین کی رہائش گاہ نائن زیرو عزیز آباد اور خورشید بیگم میموریل ہال عزیز آباد میں سیاہ پرچم اور سیاہ بینرز لگائے گئے ہیں۔ داتا دربار میں دہشت گردی کے واقعہ کے خلاف عوام میں شدید غم وغصہ پایا جاتا ہے اور ایم کیو ایم کے کارکنان یوم سوگ منا کر اپنا احتجاج ریکارڈ کررہے ہیں۔ اس سلسلے میں ایم کیو ایم کے کارکنان کی جانب سے جمعہ کی شب سے ہی ایم کیو ایم کے کارکنوں اور ہمدردوں کے گھروں، دفاتر، دکانوں ، عمارتوں، شاہراہوں اور چوراہوں پر سیاہ پرچم لہرائے گئے ہیں جبکہ بڑی تعداد میں سیاہ بینرز بھی لگائے گئے جن پر حضرت داتا گنج بخشؒ کے مزار پر خودکش حملے اور درجنوں افراد شہید و زخمی ہونے کے المناک واقعہ کے خلاف مذہبی کلمات تحریر ہیں جبکہ اس سانحہ کے خلاف ایم کیو ایم کے کارکنان و ہمدردوں نے اپنے بازوؤں پر سیاہ پیٹیاں باندھ کر بھی احتجاج کررہے ہیں۔ دریں اثناء ایم کیو ایم کے تحت سانحہ داتا دربار لاہور کے شہداء کے ایصال ثواب کے لئے کل بروز ہفتہ شام 4 بجے قرآن خوانی و فاتحہ خوانی کے اجتماعات منعقد کیے جائیں گے۔ قرآن خوانی و فاتحہ خوانی کا مرکزی

اجتماع ایم کیوایم کے مرکز نائن زیرو عزیز آباد سے متصل خورشید بیگم میموریل ہال میں ہوگا جبکہ سندھ بھر میں ایم کیوایم کے زونل دفاتر، صوبہ پنجاب اورصوبہ بلوچستان میں ایم کیوایم کے صوبائی دفاتر میں بھی قرآن خوانی وفاتحہ خوانی کی جائے گی۔

## بزرگان دین کے مزارت کودہشت گردی کا نشانہ بنانے والوں کوگرفتار کر کے کفر کردار تک پہنچایا جائے، لاہور زونل کمیٹی

لاہور۔۔۔2، جون2010ء

متحدہ قومی موومنٹ لاہور زونل کمیٹی کے اراکین نے لاہور حضرت شیخ ہجویری المعروف حضرت داتا گنج بخشؒ کے مزار کے احاطے میں خودکش حملوں کی شدید ترین الفاظ میں مذمت کی ہے اورمطالبہ کیا ہے کہ بزرگان دین کے مزارت کودہشت گردی کا نشانہ بنانے والوں کوگرفتار کر کے کفر کردار تک پہنچایا جائے۔ اپنے ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ داتا گنج بخشؒ کا مزار مقدس مقام ہے جہاں مختلف فقہوں اور مسلکوں سے تعلق رکھنے والے عوام روزانہ جمع ہوکر اللہ تعالیٰ کی عبادت کرتے ہیں اوراپنی عقیدت کا اظہار کرتے ہیں، ایسی مقدس جگہ کودہشت گردی کا نشانہ بنانا کھلی بربریت اورسفاکیت ہے جس کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے۔ انہوں نے دھماکوں میں شہید ہونیوالے زائرین کے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کیا اورسانحہ کے زخمیوں اورتمام زائرین سے دلی ہمدردی کا اظہار کیا۔

☆☆☆☆☆